صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 20۔اکتوبر 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

جمعرات 20۔اکتوبر 2016ء 18 محرم 1438 ہجری 20۔اخاء 1395ہش جلد 66-101 نمبر 237

آپس میں محبت

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک مومن نہ بن جاؤ۔اور تم مومن نہیں بن سکتے جب تک آپس میں محبت نہ کرو۔کیا میں تمہیں وہ کام نہ بتاؤں کہ جب تم اسے کروگے تو آپس میں تمہاری محبت بڑھے گی۔وہ یہ ہے کہ آپس میں سلام پھیلاؤ۔(صحیح مسلم کتاب الایمان باب انہ لا یدخل الجنۃ حدیث نمبر 81)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''اصل بات یہ ہے کہ ہمارے دوستوں کا تعلق ہمارے ساتھ اعضاء کی طرح سے ہے اور یہ بات ہمارے روزمرہ کے تجربہ میں آتی ہے کہ ایک چھوٹے سے چھوٹے عضو میں مثلاً انگلی ہی میں درد ہو تو سارا بدن بے چین اور بیقرار ہو جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ ٹھیک اسی طرح ہر وقت اور ہر آن میں ہمیشہ اسی خیال اور فکر میں رہتا ہوں کہ میرے دوست ہر قسم کے آرام اور آسائش سے رہیں۔یہ ہمدردی اور یہ غمخواری کسی تکلف اور بناوٹ کی رو سے نہیں بلکہ جس طرح والدہ اپنے بچوں میں سے ہر واحد کے آرام و آسائش کے فکر میں مستغرق رہتی ہے خواہ وہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں۔اسی طرح میں للّٰہی دلسوزی اور غمخواری اپنے دل میں اپنے دوستوں کے لئے پاتا ہوں۔اور یہ ہمدردی کچھ ایسی اضطراری حالت پر واقع ہوئی ہے کہ جب ہمارے دوستوں میں سے کسی کا خط کسی قسم کی تکلیف یا بیماری کے حالات پر مشتمل پہنچتا ہے تو طبیعت میں ایک بے کلی اور گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اور ایک غم شامل حال ہو جاتا ہے اور جوں جوں احباب کی کثرت ہوتی جاتی ہے اسی قدر یہ غم بڑھتا جاتا ہے اور کوئی وقت ایسا خالی نہیں رہتا جبکہ کسی قسم کا فکر اور غم شامل حال نہ ہو کیونکہ اس قدر کثیر التعداد احباب میں سے کوئی نہ کوئی کسی نہ کسی غم اور تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کی اطلاع پر ادھر دل میں قلق اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔میں نہیں بتلا سکتا کہ کس قدر اوقات غموں میں گزرتے ہیں۔چونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی ہستی ایسی نہیں جو ایسے ہموم اور افکار سے نجات دیوے۔اس لئے میں ہمیشہ دعاؤں میں لگا رہتا ہوں اور سب سے مقدم دعا یہی ہوتی ہے کہ میرے دوستوں کو ہموم اور غموم سے محفوظ رکھے کیونکہ مجھے تو ان کے ہی افکار اور رنج غم میں ڈالتے ہیں۔اور پھر یہ دعا مجموعی ہیئت سے کی جاتی ہے کہ اگر کسی کو کوئی رنج اور تکلیف پہنچی ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے اس کو نجات دے۔ساری سرگرمی اور پورا جوش یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کروں۔دعا کی قبولیت میں بڑی بڑی امیدیں ہیں''۔

(ارشاد فرمودہ 30 دسمبر 1897ء)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

کا کینیڈا پارلیمنٹ میں استقبالیہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے حالیہ دورہ کینیڈا کے دوران کینیڈا کی پارلیمنٹ میں حضور انور کی خدمت میں استقبالیہ پیش کیا گیا۔اس تقریب کی ریکارڈنگ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل اوقات میں نشر ہوگی۔احباب بھرپور استفادہ فرمائیں۔

22۔اکتوبر 11:20pm,12:00pm

23۔اکتوبر 11:25pm,8:15pm, 12:00pm,6:25am

24۔اکتوبر 6:25am

Pottery Making کورس

نظارت تعلیم کے تحت Pottery Making کورس مورخہ یکم نومبر 2016ء سے شروع کروایا جا رہا ہے۔اس کورس میں شمولیت کے خواہشمند طلبہ وطالبات اپنی رجسٹریشن درج ذیل ای میل ایڈریس پر کروالیں۔رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 30/اکتوبر 2016ء ہے۔رجسٹریشن کروانے کیلئے کوائف نام،ایڈریس،فون نمبر اور ای میل درکار ہیں۔

Tel:0476212473 Mob:03339791321

Email:registration@njc.edu.pk

(نظارت تعلیم)

درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف جھوٹے مقدمات میں ملوث کئے گئے ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مکرم ظفر اقبال قریشی صاحب

جماعت احمدیہ ہالینڈ کا 36واں جلسہ سالانہ 2016ء

خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ ہالینڈ کو اپنا 36 واں جلسہ سالانہ مورخہ 7,6 اور 8 مئی 2016ء کو بمقام Nunspeet منعقد کرنے کی توفیق ملی ۔ امسال جلسہ سالانہ کا موضوع تھا ’حب الوطن من الایمان‘ ۔ Nunspeet ہالینڈ کے شمال میں واقع ایک چھوٹا سا شہر ہے یہاں جماعت احمدیہ ہالینڈ کا مشن ہاؤس بھی قائم ہے امسال اس مشن ہاؤس کے احاطہ میں ٹینٹ لگا کر جلسہ سالانہ کے انتظامات کئے گئے تھے۔اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے جلسہ کے تینوں دن موسم نہایت خوشگوار رہا۔ اس جلسہ سالانہ میں مکرم کمال یوسف صاحب سابق مربی سلسلہ سکینڈے نیوین ممالک نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے بطور مرکزی مقرر شرکت کی۔

6 مئی 2016ء

مورخہ 6 مئی 2016ء بروز جمعۃ المبارک جلسہ سالانہ کا آغاز صبح 11 بجے رجسٹریشن سے ہوا۔ بعدازاں امیر جماعت احمدیہ ہالینڈ نے انتظامات کا معائنہ کیا۔ دوپہر کے کھانے اور پرچم کشائی کی تقریب کے بعد مکرم نعیم احمد وڑائچ صاحب مشنری انچارج جماعت احمدیہ ہالینڈ نے نمازِ جمعہ پڑھائی۔ اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ MTA کے ذریعے براہِ راست سنا گیا۔

پہلا اجلاس:

پہلا اجلاس مورخہ 6 مئی 2016ء کو دوپہر 4 بجے شروع ہوا جس کی صدارت مکرم ھبۃ النور فرحاخن صاحب امیر جماعت احمدیہ ہالینڈ نے کی۔ اس اجلاس کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا اور آیاتِ کریمہ کا اردو، ڈچ اور انگلش ترجمہ پیش کیا گیا۔ پھر حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام ترنم سے پیش کیا گیا۔ بعد ازاں مکرم امیر صاحب ہالینڈ نے ڈچ زبان میں افتتاحی خطاب کیا۔اس خطاب کا اردو ترجمہ بھی ساتھ ساتھ پیش کیا گیا۔اس اجلاس کی دوسری تقریر مکرم نعیم احمد وڑائچ صاحب نے کی ان کی تقریر کا موضوع تھا ”سیرت النبی ﷺ“

7 مئی 2016ء

مورخہ 7 مئی 2016ء کو اجتماعی نمازِ تہجد کا انتظام کیا گیا تھا بعد ازاں مکرم سفیر احمد صدیقی صاحب مربی سلسلہ ہالینڈ نے نماز فجر پڑھائی اور قرآنِ کریم کا درس دیا۔

دوسرا اجلاس

دوسرے اجلاس کی کارروائی مورخہ 7 مئی 2016ء کو دوپہر 12 بجے شروع ہوئی۔ جس کی صدارت مکرم حامد کریم محمود صاحب مربی سلسلہ ہالینڈ نے کی۔اس اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا اور آیات کریمہ کا اردو، ڈچ اور انگلش ترجمہ پیش کیا گیا۔تلاوت قرآنِ کریم کے بعد نظم پیش کی گئی۔اس اجلاس میں دو تقاریر ہوئیں پہلی تقریر مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ ہالینڈ نے ”ذکر حبیب“ (سیرت حضرت اقدس مسیح موعود) جبکہ دوسری تقریر مکرم حامد کریم محمود صاحب نے ”معاشرہ میں قیام امن کے لئے بیوت الذکر کا کردار“ کے موضوع پر کی۔ دونوں تقاریر کا ساتھ ساتھ ڈچ ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

پروگرام لجنہ اماء اللہ ہالینڈ

مورخہ 7 مئی 2016ء کو صبح 10:15 بجے لجنہ اماء اللہ ہالینڈ نے اپنا ایک اجلاس منعقد کیا۔جس کی صدارت محترمہ صدر لجنہ اماء اللہ ہالینڈ نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد دو تقاریر ہوئیں جن کے موضوعات تھے ”بے چینی اور تشویش کے دور میں لجنہ اماء اللہ کی ذمہ داریاں“ اور ”مغربی معاشرے میں اولاد کی تربیت“۔ان تقاریر کے بعد قصیدہ پیش کیا گیا۔آخر پر محترمہ صدر لجنہ اماء اللہ ہالینڈ نے لجنہ سے خطاب کیا۔ بعد میں دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

تیسرا اجلاس

نماز ظہر وعصر اور طعام کے بعد تیسرا اجلاس بروز ہفتہ دوپہر 3 بجے شروع ہوا۔ یہ اجلاس غیر از جماعت ڈچ مہمانوں کیلئے مختص کیا گیا تھا۔ اس اجلاس کی صدارت مکرم ھبۃ النور فرحاخن صاحب امیر جماعت احمدیہ ہالینڈ نے کی۔ پہلے تلاوت قرآنِ کریم بمعہ ڈچ ترجمہ پیش کی گئی۔ بعدازاں مکرم امیر صاحب نے جماعت احمدیہ کا تعارف کروایا اور چند استقبالیہ کلمات کہے۔اس اجلاس میں دو تقاریر پیش کی گئیں جو کہ ڈچ زبان میں تھیں۔ اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرم عبدالحمید فان در فیلدن صاحب نے ”وطن سے محبت جز و ایمان ہے“ دوسری تقریر مکرم ڈاکٹر عبدالحق کمپیئر صاحب نے ”(دین حق) ہالینڈ میں بطور اہم معاشرتی جزو“ کے موضوع پر کی۔ بعدازاں اس اجلاس میں ایک خاص تقریب کا اہتمام کیا گیا جو کہ Nunspeet شہر کے میئر کیلئے تھی جو امسال (2016ء) میں ریٹائر ہو رہے ہیں۔اس اجلاس میں متعدد کونسلروں، صحافیوں اور مہمانوں نے شرکت کی اور جماعت کے اس نظریہ سے دل کی گہرائیوں سے متاثر ہوئے کہ احمدیہ کمیونٹی تمام مذہبی تشدد کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے۔ Nunspeet کے میئر محترم D.H.A. van Hemmen نے اپنے خطاب میں اپنے اعزاز میں دی گئی الوداعی تقریب کا شکریہ ادا کیا اور اس بات کا خاص طور پر ذکر کیا کہ کس طرح احمدیہ کمیونٹی Nunspeet شہر کا ایک فعال رکن ہے۔ اس اجلاس کے آخر میں تمام مہمانوں کو پر تکلف کھانا پیش کیا گیا۔

عرب نشست:

ہفتہ کی شام کو ایک عرب نشست کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں جلسہ سالانہ کے موضوع ’حب الوطن من الایمان‘ کے متعلق دو تقاریر پیش کی گئیں جو کہ عربی زبان میں تھیں۔

بک سٹال:

شعبہ اشاعت کے زیر اہتمام امسال اس مشن ہاؤس کے احاطہ میں ایک بک سٹال کا بھی انتظام کیا گیا تھا جہاں اردو ، انگلش، ڈچ اور دوسری متعدد زبانوں میں جماعتی کتب دستیاب تھیں۔



8 مئی 2016ء

مورخہ 8 مئی 2016ء کو اجتماعی نمازِ تہجد کا انتظام کیا گیا تھا بعدازاں مکرم نعیم احمد وڑائچ صاحب نے نماز فجر پڑھائی اور حدیث کا درس دیا۔

چوتھا اجلاس

چوتھے اجلاس کی کارروائی مورخہ 8 مئی 2016ء کو صبح 10:30 بجے شروع ہوئی۔جس کی صدارت نائب امیر جماعت احمدیہ ہالینڈ مکرم عبدالحمید فان در فیلدن صاحب نے کی۔ اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا اور ان آیاتِ کریمہ کا اردو، ڈچ اور انگلش ترجمہ پیش کیا گیا۔ تلاوت قرآنِ کریم کے بعد نظم پیش کی گئی۔ اس اجلاس میں دو تقاریر ہوئیں پہلی تقریر مکرم اظہر علی نعیم صاحب سیکرٹری امورِ خارجہ نے ”میثاقِ مدینہ“ اور دوسری تقریر مکرم سفیر احمد صدیقی صاحب نے ”خلافت“ کے موضوع پر کی۔دونوں تقاریر کا ڈچ ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اختتامی اجلاس:

نماز ظہر وعصر اور طعام کے بعد مورخہ 8 مئی 2016ء کو دوپہر 14:45 بجے اختتامی اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی۔ اس اجلاس کی صدارت مکرم ھبۃ النور فرحاخن صاحب نے کی۔اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا اور ان آیات کریمہ کا اردو، ڈچ اور انگلش ترجمہ پیش کیا گیا۔تلاوت قرآن کریم کے بعد نظم پیش کی گئی۔ بعدازاں مکرم کمال یوسف صاحب نے ”قبولیت دعا کے ایمان افروز واقعات“ کے موضوع پر تقریر کی۔

اس تقریر کا ساتھ ساتھ ڈچ ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے اپنے اختتامی خطاب میں مکرم کمال یوسف صاحب کا جلسہ سالانہ ہالینڈ میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور حاضرین جلسہ کو جلسہ کے مقاصد بتائے اور ”تقویٰ“ کے موضوع پر روشنی ڈالی اور دور و نزدیک سے آئے ہوئے تمام مہمانوں اور کارکنوں کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں مکرم کمال یوسف صاحب نے دعا کروائی۔ یوں یہ تین روزہ جلسہ سالانہ بفضل اللہ تعالیٰ بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوا۔جلسہ کی کل حاضری 768 رہی۔

میڈیا میں کوریج

جلسہ سالانہ کو خدا کے فضل سے لوکل پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں کافی کوریج ملی اور جماعت احمدیہ کے پیار ومحبت اور امن وسلامتی کے پیغام کو خوب سراہا گیا۔ چنانچہ ہزاروں افراد تک جماعت احمدیہ کا تعارف بڑے عمدہ طریق پر پہنچا۔

تمام شاملین جلسہ سالانہ نے اس روحانی اجتماع سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام افرادِ جماعت ہالینڈ کو اپنے فضلوں سے نوازے اور سب کے ایمان ووفا میں برکت دے۔آمین

رپورٹ جلسہ گاہ مستورات

جلسہ سالانہ برطانیہ 2016ء

(رپورٹ: جمیرہ عمر (ناظمہ اشاعت)۔نصیرہ قمر

اللہ تعالیٰ کے فضل سے برطانیہ کا پچاسواں جلسہ سالانہ 12 تا 14 راگست 2016ء بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار، حدیقۃ المہدی، ہیمپشائر، آلٹن میں منعقد ہوا۔

جلسہ کے مختلف شعبہ جات کے انتظام کو ایک منظّم اور مؤثر طریقے سے سرانجام دینے کیلئے لجنہ کی کل 10 نائب ناظمات اعلیٰ اور 76 ناظمات تھیں اور ہر شعبہ میں ناظمات کی نگرانی میں الگ الگ ٹیمیں بنائی گئیں اور کارکنات میں گزشتہ سالوں کی نسبت اضافہ بھی کیا گیا۔ شعبہ جات میں زیادہ بچیاں شامل کی گئیں۔

تینوں دن مہمانوں کی سہولت کے لئے مختلف انتظامات کئے گئے، اور یہ سہولیات مختلف جگہوں پر باآسانی مہیا تھیں۔حدیقۃ المہدی میں رہائش کے انتظام کے تحت ٹھہرنے والے مہمانوں نے ایک دن پہلے سے وہاں رہائش اختیار کرلی تھی اور فرسٹ ایڈ مارکی رات دیر تک کھلی رکھی گئی جہاں ہومیو پیتھک ادویات بھی دستیاب تھیں۔

Health and Safety کے قوانین پر عملدرآمد کا معائنہ کیا جاتا رہا۔ ہر شعبہ نے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو پورا کرنے اور جلسہ کے پروگرام کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت کی۔لجنہ اماء اللہ کے ID اور سیکیورٹی کے شعبہ نے اس سال سکیننگ اور چیکنگ کو تیز رفتار اور مؤثر طریقہ سے انجام دیا۔ مہمانوں نے تبصرہ کیا کہ کارکنات کا رویہ بہت دوستانہ تھا۔

داخلی دروازے کے قریب ہی ایک مارکی برائے معلومات تھی جس میں جلسہ کے پروگرام کی کاپیاں، Review of Religions کی نمائش کے کتابچے جن میں لجنہ کے لیے مقرر کیے گئے وقت کا بھی ذکر تھا اور جلسہ سائٹ (لجنہ سیکشن) کے نقشے مل رہے تھے۔ بزرگوں اور ضرورتمندوں کے لئے buggies کا انتظام بھی تھا تا کہ وہ جلسہ گاہ کے مختلف مقامات تک بآسانی پہنچ سکیں۔تمام شعبہ جات نے باہمی تعاون برقرار رکھا تا کہ جلسہ میں شامل ہونے والے مہمانوں کے لئے ان کا قیام آرام دہ اور پرسکون ہو۔

انتظامیہ کی ٹیموں نے مختلف مقامات پر حالات کو سنبھالنے کیلئے کارکنات کا پیشگی تعین کیا ہوا تھا، جیسا کہ موسم کی خرابی، بچوں والیوں کی مدد، معذوروں کی مدد اور کھانے کے اوقات میں مدد۔ خدا تعالیٰ کے بے انتہا فضل سے تینوں دن موسم بے حد اچھا اور خوشگوار رہا۔

لجنہ نے بڑی ذمہ داری کے ساتھ صفائی کا خاص خیال رکھا۔اعلانات بھی کئے گئے تا کہ یاد دہانی ہو جائے کہ صفائی کا خیال رکھنا ثواب ہے۔گمشدہ اشیاء اور امانت کا شعبہ جلسہ کے تینوں دن مصروف عمل رہا۔

مرکزی جلسہ گاہ میں ڈسپلن کے بہتر انتظامات کیلئے اس سال بھی مارکی کو انتظامی لحاظ سے 13 مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا اور ہر حصے کیلئے ایک انچارج مقرر کی گئی جس کے ساتھ مختلف معاونات نے مدد کی۔ترجمہ کی ٹیم نے ہیڈ سیٹ کا انتظام کیا اور مختلف زبانیں جاننے والوں کو ان کی مطلوبہ زبان میں کارروائی سننے کے بارہ میں معلومات فراہم کیں۔ مارکی میں اس سال دو بڑی سکرینیں لگائی گئیں جس کی وجہ سے دور بیٹھی مہمانوں کو بھی کارروائی دیکھنے میں آسانی رہی۔ اس کے علاوہ چھوٹے ٹی وی اور پنکھوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

گرین ایریا کی ڈسپلن ٹیم نے بھی مہمان نوازی کی، خاص طور پر تبشیر کے مہمانوں کا بہت خیال رکھا۔تبشیر کے شعبہ نے مختلف ممالک سے آئے ہوئے مہمانوں کی مہمان نوازی کی۔ 7 تا 10 سال کی ناصرات نے تینوں دن اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر مارکی میں بہت شوق اور ذمہ داری سے پانی پلانے کی ڈیوٹی دی۔

اس سال ماں اور بچوں کیلئے تین مارکیاں تھیں جہاں بڑی سکرینیں لگائی گئی تھیں۔بچوں کو بہت مزا بھی آیا اور ساتھ ساتھ وہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایک جھلک کے انتظار میں رہے کہ جب حضور لجنہ میں تقریر کے بعد بچوں کی مارکی میں تشریف لائیں تو وہ پیارے حضور کو ہاتھ ہلا کر خوش آمدید کہہ سکیں۔اس سال حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ماں اور بچوں کی دو مارکیوں میں تشریف لائے۔اس موقع پر ماحول لجنہ، ناصرات اور بچوں کی خلافت سے انتہائی محبت اور خوبصورت جذبات سے بھرپور تھا۔ اس موقع پر بچوں نے نظمیں بھی پڑھیں۔

Crèche کا انتظام بہت منظّم تھا جہاں بچوں کی تفریح کا انتظام بھی کیا گیا اور بچوں نے باجماعت نمازیں بھی پڑھیں، عالمی بیعت میں حصہ لیا، بیعت کے موضوع پر سوال وجواب میں حصہ لیا اور کوئز بھی ہوئے۔ جلسہ سالانہ برطانیہ کے 50 سال کے لئے جھنڈے بنانا بھی ان سرگرمیوں میں شامل تھا جو بچوں نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے crèche میں آنے کے بابرکت اور مبارک موقع پر لہرائے۔

جن مہمانوں نے Respite اور خصوصی ضروریات کی سہولت کا استعمال کیا وہ اس کی بہت تعریف اور اس کے پرسکون ماحول کا ذکر کرتے ہیں۔اس مارکی والوں کو بھی اللہ کے فضل سے یہ سعادت حاصل ہوئی کہ جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لجنہ کی جلسہ گاہ میں تشریف لائے تو اس مارکی میں بھی تشریف لائے۔اس طرح اس مارکی میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بنفسِ نفیس بابرکت موجودگی سے حاضرین کی خوشیاں مزید بڑھ گئیں۔

جلسہ کے ایام میں ضیافت کے لئے چھ مختلف مارکیوں میں غذا کی ضروریات کا انتظام کیا گیا تھا۔ پرہیزی کھانے کے علاوہ بچوں اور خاص مہمانوں کا بھی خیال رکھا گیا تھا۔ بزرگوں اور معذور مہمانوں اور ماں بچوں کی مارکیوں میں زیادہ کھلی جگہ کی وجہ سے زیادہ آسانی تھی، خاص طور پر buggies اور wheelchairs کے لئے۔ اس سال ایک نیا طریقہ استعمال کیا گیا کہ کھانے کی پلیٹیں پہلے سے ہی بنادی گئیں جس کی وجہ سے رش کم رہا۔ اس سال ضیافت کی صفائی کی ٹیم بھی الگ بنائی گئی تھی تا کہ کام زیادہ جلدی ہو جائے۔زیرِ دعوت مہمانوں کیلئے ایک خوبصورت اور آرام دہ مارکی بنائی گئی تھی۔ٹیم نے جمعہ کے دن مختلف مقامات سے آئے ہوئے مہمانوں کا استقبال کیا۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایت اور صدر لجنہ برطانیہ کی راہنمائی کے مطابق ٹیم نے دن کے آغاز اور اختتام پر تمام ضروری نکات کا مکمل جائزہ لیا تا کہ کام کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ ہفتہ کے دن ان مہمان خواتین کو بیعت کے طریقہ کار سے متعارف کیا گیا جنہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا فیصلہ کیا۔

اتوار کے دن نو مبائعات اور جلسہ پر بیعت کرنے والی مہمان خواتین نے حضرت سیّدہ آپا جان سے ملاقات کی۔اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے اس سال کُل 7 خواتین نے بیعت کی۔

پریس اور میڈیا والی مارکی پر اس شعبہ کی خواتین کا استقبال کیا گیا۔ سوشل میڈیا پر بھی ریڈیو اور انٹرویوز کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے لجنہ سیکشن کی بہترین نمائندگی ہوئی۔

ریڈیو......Voice of پر لجنہ نے مقررہ وقت پر پروگرام پیش کیا اور ریڈیو کی ٹیم نے اس شعبے سے متعلق سووینئرز خریدنے کی سہولت شاملینِ جلسہ کیلئے مہیا کی۔ اس کے علاوہ لجنہ کو ریڈیو پروگراموں کے لئے کام کرنے کی درخواست بھی کی۔

اس سال MTA لجنہ کی ٹیم نے مندرجہ ذیل تین پروگرام ریکارڈ کئے: (1) دستکاریوں کی نمائش (2) بچوں کے انٹرویوز۔اظہارِ رائے اور (3) زیرِ دعوت کا سیکشن۔

حفظانِ صحت (جس میں ضیافت بھی شامل ہے) کے شعبہ کی ذمہ داری تھی کہ صحت اور حفاظت (Health and Safety) کے تحت شعبہ کے تمام قوانین جو برطانیہ میں رائج ہیں ان کو پوری طرح مدنظر رکھا جائے۔اس سال خاص طور پر تمام کارکنات کو آگ سے بچاؤ کی تربیت دی گئی تھی۔

جلسہ کی کارروائی کے دوران بیماروں کی دیکھ بھال کے لئے 44 ڈاکٹروں کی ٹیم جلسہ کے تین ایام میں سرگرم عمل رہی۔ ابتدائی طبی امداد اور ہومیوپیتھی دونوں کا انتظام تھا۔

وقفہ کے دوران لجنہ نے ایک دوسرے سے ملنے اور جلسہ کی کارروائی کے علاوہ موجود مختلف دلچسپیوں سے استفادہ کیا جن میں بازار، کتابوں کا سٹال، نمائش اور رشتہ ناطہ مارکی شامل تھیں۔شعبہ رشتہ ناطہ کے تحت اپنے بچوں کے رشتوں کیلئے خواہشمند خواتین کے آپس میں مل کر رابطہ کرنے کا بندوبست ہر بریک کے دوران تھا۔ باقاعدہ اعلان کئے جاتے تھے۔لجنہ اور ناصرات نے ہیومینیٹی فرسٹ کو بھی دل کھول کر عطیات دیئے۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کے مطابق ہیومینیٹی فرسٹ نے جلسہ کے دوران Water for Life Campaign کیلئے عطیات اکٹھے کئے۔

بازار میں لجنہ اور بچوں کی دلچسپی کی مختلف دکانیں تھیں۔صنعت وتجارت کی TIPS Shop اس سال کی نئی دکانوں میں سے تھی۔ Magic Corns، جلیبیاں اور املی کے چپس اس سال کے نئے مزیدار کھانوں میں سے تھے۔

مختلف موضوعات پر کئی نئی کتابیں اس سال کے جلسہ پر لجنہ سیکشن کے بک سٹال میں دستیاب تھیں۔قرآنِ مجید اور کتابیں کئی زبانوں مثلاً انگلش، اردو، عربی، فارسی، ہندی اور گورمکھی میں دستیاب تھیں۔ اس سال لجنہ اشاعت ڈیپارٹمنٹ U.K نے دو کتابیں بعنوان 'My first book of Prayers' جو کہ چھوٹے بچوں کے لئے تصویروں کے ساتھ ہے۔ دوسری کتاب جو Activity Book ہے، خاص طور پر چھوٹے بچوں کیلئے شائع کی گئیں جنہیں ماؤں اور بچوں نے بہت پسند کیا۔ لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے سہ ماہی رسالہ 'النصرت' کا پچاسویں جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر شائع کیا گیا خصوصی ایڈیشن بھی بک سٹال پر نمایاں تھا۔اس کے ساتھ ہی جماعت یوکے، کے پچاسویں جلسہ سالانہ کے خاص موقع پر شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ یوکے، کے زیرِ اہتمام ایک مضمون نویسی کے مقابلہ کا

انعقاد بھی کیا گیا جس میں اردو اور انگریزی زبان جاننے والی لجنہ اور ناصرات نے بھرپور حصہ لیا۔ اس مقابلہ کے نتیجہ کا اعلان سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس خاص جلسہ کے موقع کیلئے مختلف soveniers مثال کے طور پر قلم اور key-ring بھی جو خصوصی طور پر جماعت کی طرف سے تیار کئے گئے تھے یادگار کے طور پر لجنہ نے خریدے۔

لجنہ برطانیہ کی Audio Visual ٹیم نے تلاوت اور نظموں کی CDs تیار کیں اور اس کے علاوہ جلسہ سالانہ لجنہ سیشن کی کارروائی کی CDs بھی شاملین جلسہ کے لئے دستیاب تھیں۔ جلسہ سالانہ برطانیہ کے 50 سال کی خوشی میں لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے تمام ریجنز نے دستکاریوں کی نمائش کیلئے چیزیں بنائیں۔ ان چیزوں میں بینرز، بیت فضل اور جلسہ کے نقشے، کتابیں، فریم، مگ اور کشن شامل تھے۔

اس نمائش میں مختلف ممالک کے جھنڈے بنانے کا مقابلہ بھی تھا جو ان ممالک سے آنے والے مہمانوں کی نمائندگی کر رہے تھے۔ اس مقابلہ کے نتیجہ کا اعلان سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے موقع پر کیا جائے گا۔

لجنہ کیلئے ٹیورین شراؤڈ سیمینار، ہسٹری آف کیلیگرافی سیمینار اور ریویو آف ریلیجنز کی نمائش دیکھنے کیلئے خاص اوقات مقرر تھے۔ لجنہ کو تاریخی 'القلم پروجیکٹ' میں بھی حصہ لینے کا موقع ملا۔

13/ اگست 2016ء بروز ہفتہ، جلسہ کی روایت کے مطابق خواتین کیلئے ایک الگ خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ کارروائی کی ابتدا حضرت سیّدہ امۃ السبوح بیگم صاحبہ (حرم حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کی صدارت میں عمل میں آئی۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد اس کا اردو ترجمہ پیش کیا گیا (رواں انگریزی ترجمہ ہیڈ فونز کے ذریعہ سُنا جاسکتا تھا)

پہلی تقریر 'عملی اصلاح اور روحانی پاکیزگی کے حصول کے ذرائع' کے عنوان پر، سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ برطانیہ محترمہ ذرّیجم احمد صاحبہ کی تھی۔

اس کے بعد حضرت مسیح موعودؑ کی نظم

" جو خاک میں ملے اُسے ملتا ہے آشنا "

پڑھی گئی۔

انگلش تقریر 'صراطِ مستقیم کا انتخاب' کے عنوان سے نومبائعہ محترمہ ڈینیس آسیہ رشید صاحبہ نے کی۔

صدر لجنہ اماء اللہ برطانیہ محترمہ ناصرہ رحمان صاحبہ نے انگریزی میں خطاب کیا۔ ان کی تقریر کا عنوان 'دین کو دنیا پر مقدم رکھنا' تھا۔

اس کے بعد عربی قصیدہ پڑھا گیا۔ پھر حضرت مسیح موعودؑ کی اردو نظم۔

"خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے"

بھی پڑھی گئی۔

لجنہ کے خصوصی اجلاس کی کارروائی کے آخر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد سے قبل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ برطانیہ نے ہدایات دیں۔

12 بجے کے قریب ہمارے پیارے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لجنہ کی مارکی میں تشریف لائے۔ ممبرات میں خوشی اور مسرت کی لہر دوڑ گئی اور حضورِ انور کی زیارت اور خلیفۂ وقت کی اپنے درمیان موجودگی کے احساس سے مسرور ہو کر انہوں نے والہانہ نعرے لگائے۔

کارروائی کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم سے ہوا۔ منصورہ امینی صاحبہ نے سورۃ الحجرات کی آیات 11 تا 14 کی تلاوت کی اور ان کا اردو ترجمہ پڑھ کر سنایا۔

اردو نظم 'ایمان مجھ کو دیدے' کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، فاتحہ حمید صاحبہ نے خوش الحانی سے پڑھی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت سیّدہ امۃ السبوح صاحبہ مدظلہا العالی نے اعلیٰ تعلیمی نتائج حاصل کرنے والی طالبات کو ازراہِ شفقت تعلیمی ایوارڈز عطا کئے۔ محترمہ روبینہ ناصر صاحبہ سیکرٹری تعلیم برطانیہ نے ایوارڈز کا اعلان کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال لجنہ میں 21GCSE، 14A-Levels، 6 گریجوایٹ اور پوسٹ گریجوایٹ اور 18 انٹرنیشنل ایوارڈز پیش کئے گئے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ اماء اللہ سے خطاب فرمایا جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ممبرات نے پوری توجہ سے سنا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کے اختتام اور دعا کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت سیّدہ آپا جان کی بابرکت موجودگی میں لجنہ اور ناصرات نے تیار شدہ نظمیں پیش کیں۔ تمام گروپس نے سبز دوپٹے پہن رکھے تھے۔ نظمیں مختلف زبانوں میں پیش کی گئیں جن میں عربی، اردو، انگلش، پنجابی، بنگالی شامل ہیں۔ نظم 'لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ' اردو، ترکی، فرانسیسی، بنگالی، بوزنین، انڈونیشین، چینی، جرمن، عربی اور افریقن زبانوں میں بہت خوبصورتی سے پڑھی گئی۔

تمام فضا بے حد خوشی اور پیار کے جذبات سے بھر گئی۔ مختلف نعرے بلند کئے گئے۔ اس کے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ظہر اور عصر کی نماز کے لئے مردانہ پنڈال کی جانب تشریف لے گئے۔ نمازوں کے بعد وقفہ ہوگیا۔

دوسرے دن کے تیسرے سیشن کی کارروائی مردانہ جلسہ گاہ سے دیکھی اور سنی گئی اور اتوار 14 اگست 2016ء کو بھی تمام کارروائی مردانہ جلسہ گاہ سے پیش کی گئی۔

خدا کے فضل سے تقریباً 4500 لجنہ و ناصرات نے اپنے آپ کو ڈیوٹی کیلئے رضاکارانہ طور پر پیش کیا۔ خدا کے فضل و کرم سے اس سال حاضری جمعہ کے دن سے ہی بہت زیادہ تھی۔ لجنہ کے مردم شماری کے شعبہ کے تحت ہفتہ کے روز حضور اقدس کی لجنہ جلسہ گاہ میں آمد کے وقت لجنہ و ناصرات کی کل حاضری 13215 تھی، اتوار کو عالمی بیعت کے وقت حاضری 11499 تھی، جبکہ اتوار چار بجے کے قریب گنتی 15316 تھی۔

☆......☆......☆

ماہر نفسیات۔ سگمنڈ فرائڈ

آسٹریا کا یہودی النسل مشہور ماہر نفسیات سگمنڈ فرائیڈ 1856ء میں پیدا ہوا۔ 1881ء میں طبی ڈگری حاصل کی اور 1885ء میں وی آنا کی یونیورسٹی کے تشخیصی امراض کے شعبہ میں لیکچرار مقرر ہوا۔ 1886ء میں وی آنا میں علم الاعصاب کی پرائیویٹ پریکٹس شروع کی اور مارتھا برنیز سے شادی کی۔ 1900ء میں "خوابوں کی تعبیر" نامی کتاب شائع کی۔ 1910ء میں "انٹرنیشنل سائیکو انالیٹک ایسوسی ایشن" قائم کی۔ 1938ء میں جب ہٹلر نے آسٹریا پر قبضہ کیا تو وی آنا سے لندن چلا گیا۔ 23 ستمبر 1939ء کو لندن میں وفات پائی۔

فرائڈ کی تعریف بھی بہت کی جاتی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اسے عطائی اور نیم حکیم کہنے والوں کی بھی کمی نہیں ہے۔

عصبیات کے شعبہ میں اس نے سالہا سال کی تحقیق اور تجربات سے یہ بات ثابت کی کہ بہت سے اعصابی امراض شعور اور لاشعور کی کشمکش اور الجھن کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ اس نے بتایا کہ شعور معاشرتی تربیت کے مطابق تہذیبی پابندیوں سے مطابقت پیدا کرنا اور ان سے ہم آہنگ ہونا چاہتا ہے جب کہ لاشعور ان قدیم جبلی اور ابتدائی رجحانات کے اظہار کا وسیلہ ڈھونڈتا ہے جن کو مریض ظاہر ہونے سے روکے رکھتا ہے اور دبائے رکھتا ہے۔ اس کا بنیادی نظریہ یہ ہے کہ تمام انسانوں کے لاشعور میں طاقتور جنسی اور جارحانہ محرکات اور ان کے خلاف پیدا مدافعات، بالادستی کے لئے جدوجہد کارفرما ہوتی ہے۔ اس کا موقف یہ ہے کہ اعصابی بیماریوں کی طویل فہرست جن کا شکار انسان ہوتے ہیں، ان کے پیچھے جنسی غیر ہم آہنگی کارفرما ہوتی ہے اور یہ کہ شہوانی خواہش کا اظہار بلوغت میں نہیں بلکہ بچپن میں ہی ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

فرائڈ نے نیا طریقہ علاج دریافت یا وضع کیا جسے تحلیل نفسی کہتے ہیں۔ اس سے ذہنی اور اعصابی امراض کا علاج ان کے تجزیے کے ذریعے اصل سبب تک پہنچ کر ممکن ہو جاتا ہے اور علاوہ ازیں یہ طریقہ خوابوں کے تجربے میں بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس سے دبے ہوئے جذبات اور خواہشات کا پتہ چلایا جاتا ہے اور جب اصل محرک کا پتہ چل جاتا ہے تو علاج بھی ہو جاتا ہے۔

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں

فرائڈ اور دوسرے یورپین فلسفی خود تسلیم کرتے ہیں کہ انسان کی اصلاح ہو سکتی ہے۔ چنانچہ سائیکو انیلسس (تجزیہ شہوات) ان کا ایک خاص مسئلہ ہے جس کے ماتحت یہ ان لوگوں کا علاج کرنے کے بھی دعویدار ہیں۔ جو مختلف قسم کے گندے خیالات میں مبتلا ہوتے ہیں۔

درحقیقت فرائڈ کا نظریہ یہ ہے کہ انسانی فطرت کی خرابی اس وقت سے شروع نہیں ہوتی جب وہ کسی فعل کا ارتکاب کرتا ہے بلکہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے اسی وقت سے اس کی فطرت کے اندر بگاڑ پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے اور اس کی مختلف حرکات اور سکنات اس کے دل میں غلط یا صحیح جذبات پیدا کرتی چلی جاتی ہیں۔ مثلاً شہوت کا مادہ جو انسان میں پایا جاتا ہے اس کے متعلق فرائیڈ کا نظریہ یہ ہے کہ یہ اس وقت سے پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے جب بچہ ماں کے پستانوں سے دودھ چوستا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ماں کا دودھ چوسنے اور جسم کی باہمی رگڑ سے اُسے خاص قسم کا حظ محسوس ہوتا ہے، اور شہوانی مادہ اس میں پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ دوسرے پیشاب پاخانہ کرنے کے بعد جب اعضاء کی صفائی کی جاتی ہے تو ہاتھوں کی رگڑ سے اس کے قلب میں شہوانی خیالات کا احساس بڑھنا شروع ہو جاتا ہے پس یہ صحیح نہیں کہ پندرہویں یا سولھویں سال میں بچے کے اندر شہوانی مادہ پیدا ہوتا ہے بلکہ بقول اس کے بچے کی پیدائش کے ساتھ ہی یہ احساس مختلف حرکات وسکنات کے نتیجہ میں اس کے قلب میں پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے جو جوانی کے قریب زیادہ مکمل صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس نتیجہ میں بھی ہم فرائڈ کی تائید کرتے ہیں کیونکہ اسلام بھی یہی نظریہ پیش کرتا ہے کہ بدی اور نیکی کا احساس بچپن میں ہی پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے اسی لئے رسول کریم ﷺ نے ہدایت دی ہے کہ جب بچہ پیدا ہو اسی وقت اس کے کان میں اذان دو کیونکہ اس کی تعلیم اور تربیت کا زمانہ پیدائش کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

مرزا دانیال احمد

سیالکوٹ کے تاریخی مقامات کی سیر

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی بانی سلسلہ احمدیہ کو ماموریت سے قبل 1864ء تا 1868ء کا عرصہ اپنے والد ماجد حضرت مرزا غلام مرتضٰی صاحب کے حکم کی تعمیل میں سیالکوٹ میں ملازمت اختیار کرنا پڑی اس طرح سیالکوٹ شہر کو تاریخ احمدیت میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ سیالکوٹ کی سرزمین نے مسیح و مہدی دوراں کے قدم چومے۔اسی سلسلہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

سیالکوٹ۔گجرات۔گوجرانوالہ اور جہلم کے اضلاع کی سرزمین اپنے اندر (دینی) سرشت کی خاصیت رکھتی ہے۔ان اضلاع میں بہت لوگوں نے حق کی طرف رجوع کیا ہے اور کثرت سے مرید ہوئے ہیں۔ان کی (دعوت الی اللہ) کے خاص ذرائع پیدا کرنے چاہئیں۔

یکم نومبر 1904ء کو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے اہل سیالکوٹ کو اپنی صداقت کے نشان کے طور پر پیش کرتے ہوئے فرمایا:-

’’......براہین کی تالیف کے زمانہ کے قریب اسی شہر میں تقریباً سات سال رہ چکا۔تاہم آپ صاحبوں میں سے ایسے لوگ کم ہوں گے جو مجھ سے واقفیت رکھتے ہوں کیونکہ میں اس وقت ایک گمنام آدمی تھا۔اور اَحَدٌ مِنَ النَّاس تھا اور میری کوئی عظمت اور عزت لوگوں کی نگاہ میں نہ تھی۔مگر وہ زمانہ میرے لئے نہایت شیریں تھا کہ انجمن میں خلوت تھی اور کثرت میں وحدت تھی اور شہر میں ایسا رہتا تھا جیسا کہ ایک جنگل میں، مجھے اس زمین سے ایسی ہی محبت ہے جیسا کہ قادیان سے۔کیونکہ میں اپنے اوائل زمانہ کی عمر کا حصہ اس میں گزار چکا ہوں اور اس شہر کی گلیوں میں بہت پھر چکا ہوں۔میرے اس زمانہ کے دوست اور مخلص اس شہر میں ایک بزرگ ہیں یعنی حکیم حسام الدین صاحب جن کو اُس وقت بھی مجھ سے بہت محبت رہی ہے۔وہ شہادت دے سکتے ہیں کہ وہ کیسا زمانہ تھا اور کیسی گمنامی کے گڑھے میں میرا وجود تھا۔اب میں آپ لوگوں سے پوچھتا ہوں کہ ایسے زمانہ میں ایسی عظیم الشان پیشگوئی کرنا کہ ایسے گمنام کا آخرکار یہ عروج ہوگا کہ لاکھوں لوگ اس کے تابع اور مرید ہو جائیں گے۔اور فوج در فوج لوگ بیعت کریں گے اور باوجود دشمنوں کی سخت مخالفت کے رجوعِ خلائق میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔بلکہ اس قدر لوگوں کی کثرت ہوگی کہ قریب ہوگا کہ وہ لوگ تھکا دیں۔کیا یہ انسان کے اختیار میں ہے؟اور کیا ایسی پیشگوئی کوئی مکار کر سکتا ہے کہ چوبیس سال پہلے تنہائی اور بے کسی کے زمانہ میں اس عروج اور مرجع خلائق ہونے کی خبر دے......۔‘‘

خاکسار اپنے دوستوں کے ساتھ مورخہ 27/اگست 2016ء کی صبح 5:30 بجے بعد از دعا ربوہ سے روانہ ہوا۔راستہ میں بارش اور روڈ بند ہونے کی وجہ سے لمبا چکر کاٹ کر ہم سیالکوٹ پہنچے۔ہم سیدھے کبوتراں والی بیت الذکر گئے۔وہاں ہم نے کچھ دیر قیام کیا۔اس کے بعد ہم نے حضرت حکیم حسام الدین صاحب کا گھر دیکھا جس میں آپ نے قیام فرمایا تھا۔اس کے ساتھ ہی حضرت میر حسام الدین صاحب والی بیت بھی دیکھی۔حضرت اقدس مسیح موعود فروری 1892ء میں سیالکوٹ میں رونق افروز ہوئے۔اور شہر میں حکیم حسام الدین صاحب کے مکان پر قیام فرمایا اور شہر میں غل مچ گیا۔تاریخ میں ان دونوں جگہوں کا ذکر یوں ملتا ہے۔

’’مجدد اعظم‘‘ کے مؤلف ڈاکٹر بشارت احمد صاحب سیالکوٹ میں حضرت مسیح موعود کی آمد کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

’’میں مع ایک دوست کے تیسرے پہر آپ کو دیکھنے کے لئے شہر گیا۔اس وقت حکیم حسام الدین صاحب کے کوچہ میں لوگوں کا بے حد اژدھام تھا۔ہم دونوں نوجوان لڑکے تھے۔گھستے پھستے آخر اس قطار تک پہنچ گئے جو عین دروازہ کے سامنے کھڑی تھی۔حضرت اقدس ایک دروازہ سے نکلے اور کوچہ عبور کر کے دوسرے مکان کے دروازہ میں چلے گئے۔مجھے یہ معلوم ہوا کہ ایک نور کا جھکڑ نظروں کے سامنے آکر یکا یک گم ہو گیا۔میں اپنے تخیل میں کسی بزرگ کی مقدس شکل کا جو بہتر سے بہتر تصور قائم کیا کرتا تھا۔یہ ویسا ہی بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ تھا۔میرے دل پر اتنا اثر ہوا کہ میں نے اپنے دوست سے کہا کہ یہ نورانی شکل جھوٹے کی نہیں ہو سکتی۔یہ شخص سچا ہے۔اس کے بعد ہم حکیم حسام الدین والی (بیت) کے اندر گئے اور حضرت اقدس نے عصر کی نماز پڑھائی اور ہم نے بھی آپ کی اقتدا میں نماز پڑھی۔نماز کے بعد آپ (بیت) کے درمیانی در میں جنوبی ستون کے ساتھ لگ کر بیٹھ گئے۔اور (بیت) کا اندر اور صحن سب لوگوں سے بھرا ہوا تھا۔صحن کے سامنے کی طرف ایک شہ نشین تھا۔اس پر میں اور مولوی عبدالکریم صاحب بیٹھے ہوئے تھے۔میری نظریں حضرت اقدس کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔اتنے میں مولوی عبدالکریم صاحب بولے کہ دیکھو چہرہ پر کس قدر نور برس رہا ہے۔میں نے کہا واقعی اس قدر نورانی چہرہ میں نے کبھی نہیں دیکھا......

مربی سلسلہ سیالکوٹ جنہوں نے بھی ہمیں ان مقامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔

یہاں سے نکل کر ہم نے حضرت مولانا عبدالکریم سیالکوٹی صاحب کا جو سیالکوٹ کے مشہور خطیب اور غیرت دین حق کے پیکر تھے کا گھر دیکھا۔یہ اب غیر از جماعت کے پاس ہے۔

یہاں سے ہو کر ہم اس مکان کو دیکھنے گئے جو محلّہ کشمیریاں میں ہی واقع ہے جس میں حضرت مسیح موعود 1864ء تا 1868ء تک قیام پذیر رہے۔شمس العلماء سید میر حسن صاحب (استاد علامہ اقبال) آپ کے سیالکوٹ میں روز و شب کے بعض اہم گوشے سامنے لاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

’’حضرت مرزا صاحب پہلے محلّہ کشمیریاں میں جو اس عاصی پُر معاصی کے غریب خانہ کے بہت قریب ہے۔عمرا نامی کشمیری کے مکان پر کرایہ پر رہا کرتے تھے۔کچہری سے جب تشریف لاتے تھے تو قرآن مجید کی تلاوت میں مصروف ہو جاتے تھے۔بیٹھ کر کھڑے ہو کر ٹہلتے ہوئے تلاوت کرتے تھے اور زار زار رویا کرتے تھے۔ایسی خشوع اور خضوع سے تلاوت کرتے تھے کہ اس کی نظیر نہیں ملتی۔

جناب سر علامہ محمد اقبال کا گھر بھی دیکھا۔جسے لوگ وزٹ کرتے ہیں۔وہاں پر حضرت چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحب اور علامہ اقبال کی تصویر ایک دیوار پر آویزاں دیکھ کر دل خوش ہو گیا۔

اس کے بعد مربی صاحب ہمیں تیجا سنگھ کے مندر لے گئے جہاں پر آسمانی بجلی گری تھی۔یہ بھی ایک نشان تھا جس کے متعلق حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ

